# نماز جماعت سے فرادی کی طرف پهرجانا

## نماز جماعت سے فرادی کی طرف پهرجانا

مسئلہ۷۵۳۔ انسان نماز جماعت کے درمیان فرادی کی نیت کرسکتا ہے اور نماز کو فرادی کی صورت میں جاری رکھ سکتا ہے یہاں تک کہ اگر نماز کے شروع میں ہی یہی قصد ہو البتہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ نماز کے شروع میں ایسا قصد نہ کرے۔

مسئلہ۷۵۴۔ اگر امام جماعت کی قرائت کے بعد ماموم فرادی کی نیت کرے تو قرائت پڑھنا لازم نہیں ہے لیکن اگر قرائت کے دوران فرادی کی نیت کرے تو چنانچہ الحمد پڑھنے کے بعد فرادی کی نیت کرے تو الحمد پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے اور الحمد یا سورہ پڑھنے کے دوران فرادی کی نیت کرے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ ( شروع کرنے کے قصد کے بجائے) قربت مطلق کے قصد سے ابتدا سے پڑھے۔

مسئلہ۷۵۵۔ اگرکوئی شخص نماز جماعت کے دوران فرادی کی نیت کرے تو احتیاط واجب کی بنا پر دوبارہ جماعت کی نیت نہیں کرسکتا ہے حتی کہ زیادہ فاصلہ نہ ہوا ہو ( تو بهی نہیں کرسکتا) اسی طرح اگر فرادی کی نیت کرنے میں تردد کا شکار ہوجائے تو احتیاط واجب کی بناپر نماز کو بطور فرادی ختم کرے۔